## سوال

(270)ایک شخص بیوی ہوتے ہوئے دوسری عورت سے زنا کرتا ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک لڑکی جیونی کا نکاح محمد شفیع ولد ولی محمد سے ہوا۔ اوروہ آباد ہے اوردولڑکے بھی پیدا ہوئے اب محمد شفیع ایک دوسری عورت سے زنا کرتا ہے۔ لوگ شہادت دیتے ہیں۔ ایک برس سے اپنی بیوی کوبلاتا بھی نہیں کیا اب وہ عورت جیونی نکاح ثانی کرسکتی ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب تک نکاح اول فسخ نہ کرائے۔ یا طلاق حاصل نہ کرے۔ دوسرا نکاح نہیں کرسکتی۔ اگر وہ معلقہ ہے تو وہ ضلع کے سب جج کے پاس معقول وجوہات کی بنا پر فسخ نکاح کی درخواست کرے بعد فسخ نکاح ثانی کرسکتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 273**

محدث فتویٰ